RAMPUR GOVT GAZETTE

سرکاری گزٹ رامپور

بحکم کونسل آف ریجنسی ریاست رامپور

نمبر ۴۲	روز دوشنبہ تاریخ ۱۷ اکتوبر سنہ ۱۸۹۲ء مطابق ۲۵ ربیع الاول سنہ ۱۳۱۰ھ	جلد ۴

فہرست مضامین

نمبر	نام مضمون	صفحہ	نمبر	نام مضمون	صفحہ
	احکام اجلاس کامل				
۱	منسوخی ٹھیکہ روغن زرد	۱	۷	روبکار [illegible] عدالت	۴
۲	روبکار [illegible]	۲		حکم صاحب ریونیو ممبر بہادر	
	روبکار احکام [illegible]		۹	[illegible]	۴
۳	[illegible]	۲		روبکار صاحب سکریٹری بہادر	
۴	[illegible]	۲	۱۰	[illegible]	۴
۵	[illegible] گزشتہ		۱۱	روبکار [illegible] تحصیل [illegible]	۴
	روبکارات [illegible]		۱۲	روبکار [illegible] تحصیل [illegible]	۴
۶	[illegible]	۲	۱۳	نقشہ [illegible]	۵
۷	[illegible]	۲	۱۴	نقشہ [illegible]	۵

حکم اجلاس کامل واقع ۱۱ اکتوبر سنہ ۱۸۹۲ء

آج یہ مثل کونسل میں پیش ہوئی بعد معائنہ مثل و غور بالاتفاق تجویز ہوا کہ ٹھیکہ روغن زرد کا فسخ کیا جاوے اور چونکہ اس میں قصبہ سے جزوی آمدنی ہوتی ہے لہذا آیندہ بھی اسکا محصول نہ وصول کیا جاوے

یہ آمدنی قابل وصول نہیں ہے۔

مثل باجلاس صاحب ریونیو ممبر بہادر مرسل ہو۔

حکم صاحب ریونیو ممبر بہادر

نقل روبکار ہذا درج گزٹ ہووے اور ایک نقل بنام تحصیلدار [illegible] متصرم نزول مرسل ہو کہ رسالدار صدر کی اطلاع یابی لکھوائی جاوے

زاں بعد مثل داخل دفتر ہووے - ۱۵ اکتوبر ۱۸۹۲ء

حکم اجلاس کامل مصدرہ یادداشت عدالت ڈسٹرکٹ جج بطلب ہدایت خط وکتابت عدالتہائے ماتحت بذریعہ عدالت جج -

کونسل میں پیش ہو کر تجویز ہوا کہ حکام دیوانی و فوجداری بجائے راست عدالت جوڈیشل سے خط کتابت کیا کریں بلکہ بتوسط صاحب ڈسٹرکٹ و سشن جج خط کتابت کیا کریں - یہ حکم مشتہر گزٹ ہو -

اور مثل باجلاس صاحب انچارج جوڈیشل ممبر بہادر مرسل ہو -

حکم صاحب جوڈیشل انچارج

حسب منشا تجویز اجلاس کامل احکام ضابطہ جاری ہوں اور مشتہر گزٹ ہو - ۱۵ اکتوبر ۱۸۹۲ء -

روبکار اجلاس صاحب پریذیڈنٹ بہادر واقع ۱۲ اکتوبر ۱۸۹۲ء

ہماری ملاقات کا دن چہارشنبہ و پنجشنبہ مقرر ہے اب مناسب معلوم ہوتا ہے کہ بجائے چہارشنبہ و پنجشنبہ کے سہ شنبہ و پنجشنبہ مقرر کیا جاوے

حکم ہوا کہ

یہ روبکار درج گزٹ ہو اور ایک اعلان در عدالت پر چسپاں ہو -

حسب الحکم صاحب پریذیڈنٹ بہادر

خلاصہ یادداشت صاحب سپرنٹنڈنٹ پولیس

۱ - مولا رام ہیڈ کانسٹبل متعینہ ٹک کا ایک درجہ تنزل ایک ڈگری واسطے بعوض نقص تحقیقات و بمارثال الف کتب درست ملک ۱۶ ستمبر ۱۸۹۲ء سے کیا گیا -

۲ - عبدالستار خان لیس متعینہ پولیس کمپنی کا دو روپیہ اضافہ بجلدوے گرفتاری مجرم بمقام ہوبال کیا گیا اور بجائے نیاز بہادر خان و فدا معطل شدہ مقرر کیا گیا یکم ستمبر ۱۸۹۲ء سے -

۳ - چیچل سنگھ کانسٹبل کا استعفا منظور ہوا اور ۲۴ اگست ۱۸۹۲ء سے برخاست کیا گیا - ۸ ستمبر ۱۸۹۲ء

۴ - مرزا احمد علی صاحب کورٹ انسپکٹر کا ۹ روپیہ ماہوار اضافہ کیا گیا یکم اکتوبر ۱۸۹۲ء سے - ۸ ستمبر ۱۸۹۲ء

۵ - سیتا رام کانسٹبل کوتوالی کا استعفا منظور ہوا اور ۹ اگست ۱۸۹۲ء سے علیحدہ کیا گیا - ۱۱ ستمبر ۱۸۹۲ء -

۶ - سلامت اللہ کانسٹبل معطل شدہ عدالت سے بجرم اخفاء مجرم سزایاب ہو گیا لہٰذا برخاست کیا گیا اور عبدالغنی امیدوار بجائے نامبردہ مقرر کیا گیا ۹ ستمبر ۱۸۹۲ء سے - ۱۱ ستمبر ۱۸۹۲ء -

۷ - عنایت اللہ خان کانسٹبل متعینہ کوتوالی کی بموجب حکم ۹ ستمبر ۱۸۹۲ء اجلاس صاحب ریونیو ممبر بہادر بکار رہا ہوا پنشن مقرر کی گئی اور پولیس سے علیحدہ کیا گیا - ۱۷ ستمبر ۱۸۹۲ء -

۸ - موہن چند امیدوار بجائے سیتا رام کانسٹبل مستعفی شدہ

بشاہرہ پانچ روپیہ ماہوار مقرر کیا گیا۔ ۲۲ ستمبر ۱۸۹۲ء۔

۹۔ منیر احمد خان روزگار شعبہ عظیم نگر بجرم دفعہ ۱۹۳ تعزیرات ہند عدالت فوجداری سے دو ماہ کو قید ہو گیا لہذا بحکم تجویز تاریخ مطالعہ برخاست کیا گیا۔ ۲۸ ستمبر ۱۸۹۲ء۔

۱۰۔ عنایت علیخان کانسٹبل ماموره کارو ملک کا بقصور غیر حاضری ایک درجہ تنزل کیا گیا۔ ۲۸ ستمبر ۱۸۹۲ء۔

حکم صاحب پریزیڈنٹ بہادر واقع ۱۱ اکتوبر ۱۸۹۲ء

سررشتہ دار صدر حلیہ درج گزٹ کرادیں۔

یادداشت صاحب مجسٹریٹ ضلع واقع ۲۰ ستمبر ۱۸۹۲ء

ملاحظہ تجویز روزنامچہ خاص گمشدگی مسماۃ نوریان زوجہ مالم جولاہہ ساکن پلپورہ متعلق تھانہ سے واضح ہوا کہ مسماۃ مذکور دریاے کوسی میں ڈوب مرگئی الا نعش کا نہ ملنا حالت اصلی کو صاف نہیں کرتا ہے مگر پولیس تھانہ کو کوئی شبہ بھی نہیں ہے مگر ہذا بہ احتیاط حلیہ مسماۃ بنا بر طبع گزٹ ذریعہ عرضداشت ہذا بحضور ممدوح ابلاغ ہے۔

حلیہ

مسماۃ نوریان سانولا رنگ عمر ۲۰ برس پیشانی اٹھی ہوئی ناک اوسط دانتی ناٹا قد لنگڑی یا پاؤں یا ہاتھ کا لنگڑا اور تراہوا کرتہ دو کاسی کے پہنے ہوئے۔

روبکار اجلاس صاحب ریونیو ممبر بہادر انچارج صاحب جوڈیشل ممبر بہادر واقع ۱۵ اکتوبر ۱۸۹۲ء

کاغذات عرضی محمد نبی خان نائب مہتمم صدر شفاخانہ یونانی معہ رپورٹ صدر مہتمم ملاحظہ ہوئی۔ بابتہ ترقی ۵ روپیہ انکا مشاہرہ ضرورۃً کم ہے کام و حاضر باشی انکی ہمکو پسند ہوئی۔ لہذا یکم ماہ حال سے حسب سفارش حکیم احمد رضا خان صاحب روپیہ ماہوار اضافہ کیا گیا۔

حکم ہوا کہ

احکام ضابطہ جاری ہوں۔

روبکار اجلاس ایضاً واقع ۱۵ اکتوبر ۱۸۹۲ء

نمایش خانے اور عجائب خانے کا ابتک کوئی سالانہ بجٹ تیار ہو کر پیش نہیں ہوتا تھا حالانکہ ہر ایک کارخانے اور سررشتہ کا جس سے کچھ آمدنی اور خرچ متعلق ہے سالانہ یکجائی جمع خرچ (علاوہ ان حسابات کے جو ماہوار پیش ہو کر مجرا ہوا کرتے ہیں) پیش ہونا ضروری بات ہے اسلئے۔

حکم ہوا کہ

مہتمم عجائب خانہ و نمایش خانہ ایک ایک جمع خرچ دونوں کارخانوں کا سال گذشتہ کی بابت تیار کرکے جلد پیش کریں اور آیندہ سال تمام اسکا عملدرآمد کرتے رہیں مہتمم کو اطلاع دیجاوے اور ایک نقل اس روبکار کی درج گزٹ ہو۔

حکم صاحب جوڈیشل انچارج
بمقدمہ
موقوفی کل پنکھہ کشی

۱۵ اکتوبر آج مورخہ سے اب پنکھہ کشی جملہ عدالتون سے برخاست کرنے جاوین احکام ضابطہ آج ہی جاری ہو جاوین —

۱۵ اکتوبر ۱۸۹۱ء

دستخط جوڈیشل انچارج

حکم صاحب یوشیو ممبر بہادر متعلقہ یادداشت مولوی محمد مظہر اللہ صاحب ... قانونی مورخہ ۱۶ اکتوبر ۱۸۹۱ء

معزز شاہ خان وکیل درجہ سوم نے حسب قاعدہ اپنی سند وکالت میعادی نہین کرائی جسکے وجہ سے یکم اکتوبر ۱۸۹۱ء سے حسب منشاء دفعہ ... ضابطہ وکلاء مجاز کرنے پیشہ وکالت نہین ہے اس حکم سے حاکم عدالت دیوانی ضلع کو مطلع کیا جاوے اور ایک نقل اس حکم کی بغرض اندراج گزٹ مطبع کو بھیجی جاوے —

دستخط ...

روبکار اجلاس صاحب سکریٹری بہادر کونسل
واقعہ ۱۰ اکتوبر سنہ ۹۲ء

۱۰ اکتوبر سنہ ۹۲ء یوم یکشنبہ کو کمیٹی بغرض انتظام میلہ منعقد ہوئی محمد نجابت خان تحصیلدار حضور تحصیل - لالہ نند کشور شریک کمیٹی ہوئے ... تجویز ہوا

دفعہ ۱ — تاریخ میلہ ... کی حسب دستور ۱۰ نومبر سنہ ۹۲ء یوم چہارشنبہ لغایت ... سنہ ۹۲ء یوم چہارشنبہ ختم رہے —

دفعہ ۲ — صاحب سکریٹری میلہ مسٹر ... صاحب بہادر اور نائب سکریٹری لالہ نند کشور ہونگے اگر ... صاحب بہادر دو وقت نہ ہونگے تو نائب سکریٹری کونسل کام سکریٹری میلہ انجام دینگے —

دفعہ ۳ — رسد میلہ کی بابت بہ قاعدہ سال گذشتہ ابھی سے بنام جملہ تحصیلداران احکام جاری ہو جاوین کل رسد ۱۵ نومبر تک میلہ مین جمع ہو جاوے تحصیلدار حضور تحصیل شامل سال گذشتہ اسکے منتظم ہونگے

دفعہ ۴ — بجٹ منظور شدہ سال حال علیحدہ ہے جو طبع ہو کر شائع ہوگا

دفعہ ۵ — تجویز انعام پیداوار و صنعت وغیرہ کی فہرست علیحدہ مرتب ہوچکی - طبع ہو کر تقسیم ہوگی —

دفعہ ۶ — قطع بانس کی بابت سے سپرنٹنڈنٹ صاحب پولیس کو کہا جاوے کہ جانب پورب و شمال بانس کٹوانا شروع کر دین اور جس قدر کاٹے گئے ہین نائب سکریٹری میلہ تعداد بانسون کی جس قدر مطلوب ہون سپرنٹنڈنٹ پولیس کو بھیجین پانچ صد بانس ... کو بھجا دین پچھلے سال کے بانس جمع ہین

دفعہ ۷ — سپرنٹنڈنٹ صاحب پولیس مثل سال گذشتہ ... پولیس چوکیداران برائے حفاظت میلہ اپنے سررشتہ سے کرین امسال بجٹ مین بابت خوراک چوکیداران مبلغ دو سو روپیہ رکھے گئے ہین —

دفعہ ۸ نائب سکرٹری میلہ ایک فہرست اون کاموں کی تیار کرین جنکے لئے پیشگی روپیہ تقسیم ہونا چاہیئے تعداد روپیہ جو ضروری مطلوب ہو معلوم ہونا چاہیئے ۔

دفعہ ۹ منشی واحد علی پیشکار فہرست ایسے کاغذات کی پیش کرین جنکا طبع کرالینا ضرور ہے بقید تعداد ۔

دفعہ ۱۰ سڑک میلہ غالباً بہت اونچی ہوگئی ہے ۔ صاحب چیف انجینیر اس کا ڈھال مناسب حسب رائے خود کرادین ۔

دفعہ ۱۱ تقسیم کام مثل گذشتہ پیوستہ حسب ذیل رہے گی

نام افسر صیغہ	نام صیغہ	معین و منتظم
صاحب ہوم ممبر بہادر	نمائش مع امتحان تجارت	صدر تعلقہ مراد آباد
ایضاً	دربار مع پان	سررشتہ دار صدر
صاحب جوڈیشل ممبر بہادر	نمائش صنعت دستکاری	صاحب شہزادہ بہادر و مہتمم نمائش خانہ و آغا لطف علی
ایضاً	عجائب خانہ	مہتمم نمائش خانہ
صاحب سکرٹری بہادر	نمائش مویشی	قطب الدین خان مہتمم کارخانہ
ایضاً	نمائش سپاہیان فوج	کپتان محبوب خان
ایضاً	میدان مسابقت	جمعدار نائب کمپ
ایضاً	تیاری ایک مقام مصفا و منشی	منشی بہادر حسین خان و تحصیلدار
	و مویشی وغیرہ	و تحصیلدار حضور و تحصیل
افسر خاص صاحب بہادر	انتظام ترتیب و تقسیم	لالہ نند کشور نائب
دوا و صفائی جو ہون تو	دوکانات	سکرٹری میلہ
صاحب سکرٹری بہادر [illegible]		
سپرنٹنڈنٹ پولیس	کشتی ، بانک ، پٹہ ، مرغ ، بٹیر ، تیتر وغیرہ	کوتوال شہر
صاحب چیف انجینیر بہادر	کیمپ انگریزی	
مسٹر کراوٹ صاحب بہادر	گھوڑدوڑ وغیرہ	کپتان محبوب خان
لالہ نند کشور نائب سکرٹری میلہ	روشنی روزمرہ و شب آخر و آتشبازی تیاری دروازہ وغیرہ	مہتمم نزول
صاحبزادہ میاں سعید خان	ارباب نشاط	بابو مدھو سدن پرشاد [illegible]
صاحب چیف انجینیر بہادر	نوبت خانہ و مسجد و درستی عمارات و جائے نصب آتشبازی	بابو بلدیو پرشاد
سپرنٹنڈنٹ باغات	چمن بندی خیمہ حضور پرنور و دیگر مقامات	
محمد محبوب خان	درستی جائے اسپان سوار	

حکم ہوا کہ

احکام اطلاعی ضابطہ جاری ہون جو دفعہ جس سے متعلق ہے یکم تقسیم کام مہتمم جس جس کا تعلق ہے بقول دفعہ و تقسیم کام اونکے پاس بھیجا جائے اور ایک نقل اس روبکاری کی درج گزٹ ہو ۔ الحمد متعلق مثل گذشتہ سال کے دیکھکر احکام رسد بنام تحصیلداران جاری کرے سررشتہ دار صدر جملہ احکام زیر نگرانی خود جاری کرائیں

[illegible]

حکم صاحب سکرٹری بہادر واقع ۲۵ ستمبر ۱۸۹۲ء

روئداد کمیٹی منوسپل بورڈ از مسلہ منصرم تحصیل ٹانڈہ ملاحظہ ہوئی درج گزٹ ہو

روئداد کمیٹی منوسپل بورڈ ٹانڈہ منعقدہ ۵ ستمبر ۱۸۹۲ عیسوی

منشی غلام رسول خان صاحب منصرم تحصیل ٹانڈہ صدر نشین

لالہ مصری لال صاحب نامہ نویس تحصیل ٹانڈہ سکرٹری

اسمائے شرکائے جلسہ

ملازمین

منشی محمد رفیع محرر صفائی

پنڈت گنگا رام صاحب ممبر

غیر ملازمین

حکیم سید شرافت علی صاحب بجائے ارشاد حسین صاحب وکیل

حاجی نادر شاہ ممبر

لالہ سپاہی لال ممبر

امور تصفیہ طلب	تجویزات کمیٹی
۱- کمیٹی منعقدہ ۵ اگست ۱۸۹۲ء میں منا خاکروب صفائی نے بابت تحویل عبدالرحمن بنجارہ رپورٹ پیش کی تھی اوسکے اوپر ارباب کمیٹی نے رائے ظاہر فرمائی تھی کہ اوسکی تحقیقات بر سر موقع ہونی چاہئے اوسوقت تجویز مناسب کیجاوے چنانچہ معاملہ سپرد ممبران کمیٹی کیا گیا اور آج اس کمیٹی میں روئداد تحقیقاتی پیش کیگئی اب اسبارہ میں صاحب صدر نشین کمیٹی کی رائے شامل و تجویز ہونا چاہئے۔	اسوقت یہ مسئلہ کمیٹی میں پیش ہو کر باہم گفتگو ہوئی ممبران کمیٹی کو تحقیقات موقع سے جو بموجودگی محرر صفائی کیگئی کچھ اصلیت اس معاملہ کی نہیں پائی گئی مستغاثہ خاکروب صفائی قابل اخراج ہے صاحب صدر نشین نے بھی اس تجویز کو قبول اور منظور فرمایا۔
۲- کمیٹی منعقدہ ۵ اگست ۱۸۹۲ء کو رپورٹ محرر صفائی پر بالاتفاق تجویز ہوئی تھی کہ درحقیقت دو خاکروبان ہر کوڑہ اوٹھانا محال ہے اس کوڑہ کے حقدار باغبان لوگ ہیں محرر صفائی کو چاہئے کہ چوپالی ان باغبانان کو بنا برانتظام ہدایت کی گئی کہ کوڑہ کمیٹی آئندہ میں پیش کریں تو تجویز کیجاوے گی اب اسبارہ میں اون باغبانان کی جو مستحق ہیں کوڑہ کے ہیں اور جیسے ان کے چوپال ہیں بہ تفصیل فہرست تیار کرائی گئی ہے وہ بھی تیار ہو کر پیش نہیں ہوئی	بالاتفاق تجویز ہوئی کہ درحقیقت فہرست مرتبہ چوپالی کا تیار ہو کر پیش ہونا لازمی امر ہے اسوقت بھی اندازہ کیا جاسکتا ہے کہ کوئی بہتر سے بہتر صورت اس کوڑہ کے اوٹھانیکی ہے کمیٹی آئندہ میں یہ مسئلہ رفتہ تیاری فہرست پیش ہو۔
۳- کمیٹی منعقدہ ۵ اگست ۱۸۹۲ء عرضی چھدا چمار جو بغرض منظوری کمیٹی میں پیش	بالاتفاق تجویز ہوئی کہ واقعی چھدا چمار کی آراضی اسکی واجبی ہے اور وہ خالص میں

ہوئی تھی کہ جیری کی آراضی ایک ٹکڑہ خام ... ہے ملاحظہ کیوا گیا تجویز ہوئی تھی یہ آراضی نہایت اعلیٰ درجہ کی ہے اسکے عوض وہ زمین جیسکہ کاشتکار کی آراضی جو کم لگان کی ہو تجویز کیجاوے اور پھر یہ تجویز ہوئی تھی کہ موقع دیکھکر طے کیا جاویگا چنانچہ موقع اوسکا دیکھ لیا گیا اب اس بارہ میں جو تجویز ہو عملدرآمد کیا جاوے۔	شامل ہونیکے لئے مناسب معلوم نہیں ہوتا کیونکہ ایک تو بلندی پر دوسرے آبادی سے قریب میسر ہے آمد و رفت گاڑی وغیرہ کی دشوار ہے چونکہ آبادی کا قرب ہے اوسکی عفونت کی وجہ سے اہل محلہ بھی پریشان ہیں اور بہ سر موقع نشانی جیسکہ کاشتکار کی آراضی ادنے درجہ کی ہے اور وہ حاطہ میں شامل ہونیکے واسطے مناسب ہے اور پہلے بھی آراضی حاطہ میں شامل ہی تھی اب بھی بدستور شامل رہے
۴ - نوٹ نمبر ۱۰ معاینہ گرداور حلقہ محمد شفیع مورخہ ... ۱۹۱۶ء میں تھا کہ اسوقت چھجے جات قصبہ تیار ہو رہے ہیں اگر اسی کے ساتھ چھجے جات جابجا و مساجد بھی تیار ہو جاویں تو مناسب ہے۔	بالاتفاق تجویز ہوئی کہ انتظام پہلے سے بھی پیش نظر ہے بامداد اہل محلہ یہ چھجے بہت جلد تیار کرالئے جاوینگے۔ صاحب صدر نشین نے بھی منظور فرمایا۔
۵ - اکثر دیکھا گیا ہے کہ دوکانداران و مکانداران اپنی کہاتہ و ... گولہ سڑک پر و نیز قریب اوسکے پتر بچھا کر ملتے ہیں کہ جس سے بازار یا باہر سے آنے جانے والے بازاری لوگوں کو تکلیف پہونچتی ہیں اور راستہ بھی اوسکی وجہ سے تنگ اور بدنما معلوم ہوتا ہے	بالاتفاق تجویز ہوئی کہ درحقیقت یہ امر بہت نامناسب ہے اور نیز صفائی کے بھی خلاف ہے بذریعہ محرر صفائی اون لوگوں کو ہدایت ہونی چاہئے اور درصورت خلاف اسکے محرر صفائی رپورٹ مفصل کمیٹی آیندہ پیش کریں
۶ - بازار قدیم میں سے جہجو حلوائی کے متعاقب دوکان کو بہت غار ہو گیا ہے اور ہر وقت پانی غلیظ اوسکی دوکان کا جمع رہتا ہے جسکی وجہ سے آمد و رفت میں لوگوں کو سخت تکلیف اور دشواری ہوتی ہے انتظام مناسب ہونا چاہئے۔	بالاتفاق تجویز ہوئی کہ درحقیقت اوس پانی سے آدمیوں کو آمد و رفت میں تکلیف ہوتی ہے اور جو کچھ پانی غلیظ جمع رہتا ہے وہ جہجو حلوائی کی دکان کا ہے چند بار سے مذکور کو زبانی بھی ہدایت کی گئی اوسکا کچھ خیال نہیں کیا گیا فوراً یہ گڑہا اپنا اشت ہونا چاہئے اور جو کچھ روپیہ ... آنہ صرف ہو جہجو حلوائی سے لیا جاوے
۷ - اکثر دیکھا گیا ہے کہ گنے والے بازار میں سڑک کے گولہ پر اپنی دوکانیں جما کر بیٹھے ہیں جسکی وجہ سے ہر وقت کوڑا سڑک پر پڑا رہتا ہے۔	بالاتفاق تجویز ہوئی کہ درمیان بازار میں سڑک کے گولہ پر گنے والوں کی دوکانیں ہونا ٹھیک نہیں ہیں - ادہر اودہر کنارہ بازار کے گنے والوں کی دوکانیں ہونا چاہئیں بذریعہ محرر صفائی و حاجی نادر شاہ صاحب ممبر گنے والوں کو ہدایت مناسب کیجاوے اور اونکو متنبہ کیا جاوے کہ اگر خلاف اسکے ہوا تو کمیٹی آیندہ میں رپورٹ ہو کر سزا تجویز کیجاویگی صاحب صدر نشین نے بھی منظور فرمایا

حسب الحکم صاحب سکرٹری بہادر کونسل

روئداد کمیٹی میونسپل بورڈ تحصیل بلاسپور منعقدہ ۵ ستمبر سنہ ۱۸۹۲ء

محمد علی رضا خان صاحب تحصیلدار صدر نشین

سید غلام شبیر نائب تحصیلدار سکرٹری

اسمائے شرکائے جلسہ

ملازمین

محمد دیدار خان علاقہ دار آبپاشی۔

منشی کنور بہادر محرر مدرسے۔

مولوی معشوق علی گرداور قانونگوئے۔

منشی تقی یاور محرر صفائے۔

غیر ملازمین

لالہ مادھو رام ساہو۔ ممبر

ملا محمد عظیم خان آخوندزادہ۔ ممبر

لالہ جوالا پرشاد ساہو۔ ممبر

لالہ گنپتی لعل تحویلدار۔ ممبر

امور تصفیہ طلب	تجویزات کمیٹی
۱۔ قصبہ بلاسپور میں باوجود منادی و ممانعت ہائے سابقہ کے خاکروبان غیر ملازم اکثر اپنے مکانوں کے راکھہ و کوڑہ جہاں تہاں اندر آبادی کے بے موقع جگہہ پر ڈال دیتے ہیں جس سے عفونت ہوتی ہے اس بارہ میں تجدید ہو کر تجویز مناسب ہونا چاہئے۔	بالاتفاق تجویز ہوئی کہ جمعدار صفائی و مہتر ملازم صفائی فوراً خاکروبان بستی پر تاکید و تنبیہ کر کے راکھہ و کوڑہ آبادی سے اٹھوا کر بجائے معینہ ڈلوا دیں اور برائے انسداد آئندہ منادی باواز دہل کریں کہ اگر پھر کبھی کوئی خاکروب و مکاندار کسی جگہہ اندر آبادی قصبہ کے کچھ خاک و کوڑہ و راکھہ وغیرہ ڈالے گا تو مستوجب سزا کا ہوگا۔ صاحب صدر نشین نے بھی اتفاق کیا۔
۲۔ مسلمانان بلاسپور و نیز اکثر ملازمان سرکاری کی شکایت ہے کہ قصاب لوگ مال ناقص و لاغر ذبح کر کے گوشت بیشتر خراب	بالاتفاق تجویز ہوئی کہ چونکہ تعلق گاؤکشی و مذبوحی رہان کا پولس سے ہے اور معائنہ بھی بکری وغیرہ و لاغری اس کا

فروخت کرتے ہین جس سے احتمال بدمزگی طبیعت و اندیشہ پیدایش امراض خلایق ہے لہذا اسکا کچھ انتظام ہونا چاہیے۔

تھانہ مین ہوا ہے بنا بران باجلاس صاحب سکریٹری بہادر کونسل گذارش ہو کہ بصدور حکم مناسب پولیس بلاسپور بتاکید نگرانی مال ذبیحہ ناقص و لاغر مثلاً جہ بہ نسبت قصابان گوشت فروش کے فرمائی جاوے۔

و تا صدور حکم بنام پولیس بلاسپور محرر صفائی بھی قصابان کو بخوبی ہدایت و فہمایش بیشتر گوشت بیچنے کی کرتے رہین۔

صاحب صدرنشین نے بھی اتفاق کیا۔

یہ خاص کام کمیٹی کا ہے اگر وہ کوئی کسی لاغر مویشی کو ذبح ہوتے ہوئے دیکھین تو ہمکو رپورٹ کر سکتے ہین۔

۴۔ موضع بشارت نگر مین بہنگام معاینہ اکثر سکنائے دیہ کے پس و پیش مکانات مسکونہ و سار ہائے مویشیان کی کھاد و کوڑہ مجتمع پایا گیا اور باوصف تاکیدات متواترہ کسی نے صفائی نہین کی اور یہ بھی انکا عذر ہے کہ مستاجر و تہنیت سے ابتک ہمکو کوئی جگہہ واسطے ڈالنے کھاد و کوڑہ وغیرہ نہین بتائی ہے اس باب مین کچھ امر مناسب تجویز ہونا چاہیے۔

بالاتفاق تجویز ہوئی کہ معرفت میٹ صفائی ساکنان بشارت نگر کو تاکید صاف رکھنے جگہہ پیش مکانات و صحن مکانات مسکونہ و سار مویشیان کے کی جاوے اور سکریٹری کمیٹی مستاجر و تہنیت کو طلب کر کے فوراً حکم انداخت کھاد و کوڑہ کی واسطے ... سے تجویز و مقرر کرادین۔

صاحب صدرنشین نے بھی اتفاق کیا۔

تحصیلدار صاحب بعد تعمیل رپورٹ اطلاعی بھیجدین۔

نقشہ حیات و ممات متعلقہ ریاست رامپور من ابتدائی ۱۱ لغایت ۱۷ اکتوبر سنہ ۱۸۹۲ء

[illegible]	پیدائش							تفصیل فوتی										تفصیل امراض					[illegible]
	مرد		عورت		[illegible]	تفصیل [illegible]		[illegible]		۱۲ سال تک		سال سے زیادہ		میزان		تفصیل [illegible]							
شہر رامپور	۲۱	۶	۳۲	۶	۵۳	۳۳	۱۰	۲۱	۱۳	۱	۲	۵	۱۶	۲۷	۳۳	۵۰	۱۰	۳	۳	۰	۵۴	۶۰	۰
تحصیل [illegible]	۰	۰	۰	۰	۰	۰	۰	۰	۰	۰	۰	۰	۰	۰	۰	۰	۰	۰	۰	۰	۰	۰	نقشہ نہیں آیا
شاہ آباد	۹	۱۶	۶	۱۳	۴۵	۱۵	۳۰	۴	۹	۱	۱	۶	۸	۱۱	۱۸	۹	۲۳	۴	۰	۵	۲۰	۲۹	۰
ملک	۰	۰	۰	۰	۰	۰	۰	۰	۰	۰	۰	۰	۰	۰	۰	۰	۰	۰	۰	۰	۰	۰	نقشہ نہیں آیا
سوار	۰	۰	۰	۰	۰	۰	۰	۰	۰	۰	۰	۰	۰	۰	۰	۰	۰	۰	۰	۰	۰	۰	"
بلاسپور	۰	۰	۰	۰	۰	۰	۰	۰	۰	۰	۰	۰	۰	۰	۰	۰	۰	۰	۰	۰	۰	۰	"
ٹانڈہ	۰	۰	۰	۰	۰	۰	۰	۰	۰	۰	۰	۰	۰	۰	۰	۰	۰	۰	۰	۰	۰	۰	"
میزان	۳۰	۲۰	۲۸	۳۰	۹۸	۵۸	۴۰	۲۵	۲۳	۲	۲	۱۱	۲۵	۳۸	۵۱	۵۶	۲۳	۷	۳	۵	۴۴	۸۹	۰

نقشہ نرخنامہ اجناس متعلقہ ریاست رامپور من ابتدائی ۱۱ لغایت ۱۷ اکتوبر سنہ ۱۸۹۲ء

نام جنس	شہر رامپور	تحصیل شاہ آباد	تحصیل ملک	تحصیل سوار	تحصیل بلاسپور	ٹانڈہ	کیفیت
گیہوں	۱۲ سیر	۱۳ سیر	۱۳ سیر	۱۳ سیر	۰	۱۴ سیر	تحصیل بلاسپور سے نقشہ نہیں آیا
نخود خالص	۱۷ سیر	۱۸ سیر	۱۹ سیر	۱۸ سیر	۰	۱۶ سیر	
نخود آمیختہ	۲۰ سیر	۱۹ سیر	۲۰	۱۹ سیر	۰	۲۰ سیر	
[illegible]	۲۱ سیر	۰	۲۱ سیر	۲۰ سیر	۰	۰	
ماش	۱۵ سیر	۱۷ سیر	۱۵ سیر	۱۵ سیر	۰	۱۶ سیر	
مونگ	۱۴ سیر	۱۴ سیر	۱۳ سیر	۱۳ سیر	۰	۱۴ سیر	
مکا	۲۲ سیر	۲۲ سیر	۲۲ سیر	۲۲ سیر	۰	۲۴ سیر	
[illegible]	۲۳ سیر	۲۰ سیر	۲۲ سیر	۱۸ سیر	۰	۱۶ سیر	
کودی	۲۲ سیر	۱۶ سیر	۱۴ سیر	۱۶ سیر	۰	۱۶	
[illegible]	۱۹ سیر	۱۵ سیر	۲۰ سیر	۱۷ سیر	۰	۲۰ سیر	
ارہر	۱۲ سیر	۲۰ سیر	۲۰ سیر	۲۱ سیر	۰	۲۰ سیر	
برنج	۱۰ سیر	۱۳ سیر	۱۳ سیر	۱۰ سیر	۰	۱۱ سیر	
روغن زرد	[illegible]	۱ سیر	[illegible]	۱ سیر	۰	۱ سیر	
روغن سیاہ	[illegible]	۳ سیر	۳ سیر	۳ سیر	۰	۳ سیر	
روغن [illegible]	۲ سیر	۳ سیر	۱ سیر	۰	۰	۱ سیر	
[illegible]	[illegible]	۸ سیر	۹ سیر	۸ سیر	۰	۵ سیر	
[illegible]	۰	۶ سیر	۰	۶ سیر	۰	۸ سیر	
قند سیاہ	۰	۹ سیر	۹ سیر	۹ سیر	۰	۶ سیر	

مطبوعہ سرکاری پریس ریاست رامپور